تعارف تبصرہ کتب

شیخ الحدیث مولانا محمد حسن جان مدظلہ

کتاب الدیات | تالیف: امام ابوبکر احمد بن عمرو الشیبانی۔ صفحات ۱۵۰ قیمت ۳۸ روپے
ناشر: ادارۃ القرآن دار العلوم الاسلامیہ دی/ ۴۳۷ گارڈن ایسٹ کراچی ۵

یہ کتاب ان روایات اور احادیث کا مجموعہ ہے جن کا تعلق نفس انسانی کی حرمت اور قتل اور دیت وغیرہ سے ہے۔ اس موضوع پر دوسری کتاب میں اتنی روایات نہیں ملتیں۔ کتاب ایک یگانۂ روزگار اور نوادرات میں سے ہے۔ کتاب کا مؤلف امام ابوبکر احمد بن عمرو بن عاصم الضحاک الشیبانی المتوفی ۲۸۷ھ ہے۔ جو اصحاب صحاح ستہ کا ہم عصر اور ان کے ساتھ اکثر مشائخ میں شریک ہے۔

مؤلف نے اپنی اسناد سے روایات جمع کی ہیں جن میں ثلاثیات بھی ہیں کتاب مختلف ابواب پر مشتمل ہے جن میں اہم مباحث نفس انسانی کے قتل کی حرمت اور شریعت میں قاتل کی سخت ترین سزا اور آخرت میں کفار کی طرح قاتل کا عذاب اور قتل خطاء کے احکام اور مختلف اعضاء کے قطع کے احکام اور دیات کی تفصیل ہے۔ نیز جراحات کی اقسام اور ان کے بارے میں روایات اور علماء کے اقوال کا بیان ہے۔

احادیث مرفوعہ کے ساتھ صحابہ کرام رض کے اقوال اور تابعین عظام کی مختلف آراء بالتفصیل ذکر ہیں بعض روایات کے بعد خود مؤلف تشریح اور توجیہہ بھی کرتا ہے۔ فقہ اور قانون میں دیات کا مسئلہ سخت اور مشکل مباحث میں سے ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے کافی حد تک حل ہو سکتا ہے۔

اگر اس کتاب کا اردو ترجمہ بھی شائع ہو جائے تو اس کا ہر اعتبار سے نفع عام ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

موجودہ کتاب کی طباعت بہت اعلیٰ اور عربی ٹائپ خط نسخ میں ہے۔

(محمد حسن جان)

حیات انبیاء کرام صلوٰۃ اللہ علیہم السلام | تالیف: مفتی عبدالشکور ترمذی ——— صفحات: ۲۱۶ ——— قیمت درج نہیں
پتہ: المکتبۃ الاشرفیہ، جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ لاہور ۱۶

تقریباً ۳۰ سال سے پاکستان کے بعض علمی و دینی حلقوں میں مسئلہ حیات النبی ﷺ، سماع عند القبر، عالم برزخ اور عذاب قبر اور استشفاع کے مسائل باہمی انتشار و افتراق وجہ نزاع اور زبردست مناظرانہ معرکہ آرائی کا سبب بنے۔ بات آگے بڑھی تو فریقین نے مولانا ظفر احمد عثمانی رح اور مولانا احتشام الحق تھانوی رح کو ثالث مان لیا۔ مولانا محمد علی جالندھری رح اور مولانا لال حسین اختر رح نے اس موقع پر اپنے موقف کے حق میں جو دلائل تحریر کر کے ثالث حضرات کی خدمت میں بھیجے، حضرت مولانا مفتی عبدالشکور ترمذی نے مجلس تحفظ ختم نبوت کے ریکارڈ سے انہیں حاصل کر کے ثالثی کے تمام تر پس منظر اور ضروری تفصیل کے ساتھ "حیات انبیاء کرام" کے نام سے کتابی شکل میں مرتب کر لیا ہے۔ کتابت اور طباعت کی عمدگی نے رسالہ سے افادہ کو مزید دلچسپ بنا دیا ہے۔

(عبدالقیوم حقانی)